کاروائی اجلاس اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان

منعقدہ یکم محرم الحرام ۱۴۲۵ء مطابق ۲۲ فروری ۲۰۰۴ء بروز اتوار

دینی مدارس کے وفاقوں کی مشترکہ تنظیم ''اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ'' کا اجلاس ۲۲ فروری ۲۰۰۴ء کو جامعہ اشرفیہ لاہور میں مولانا مفتی منیب الرحمٰن کی زیرِ صدارت منعقد ہوا جس میں تنظیم المدارس العربیہ، وفاق المدارس العربیہ رابطۃ المدارس الاسلامیہ پاکستان، وفاق المدارس السلفیہ اور وفاق المدارس الشیعہ کے عہدہ داروں اور رہنماؤں نے شرکت کی۔ اجلاس میں متفقہ طور پر ایک قرارداد منظور کی گئی جس کے مندرجات درج ذیل ہیں۔

صدر پاکستان نے ۲۰۰۱ء کے دوران ایوان صدر میں اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ پاکستان کے ایک وفد کے ساتھ ملاقات میں عہد کیا تھا کہ آئندہ مدارس و مساجد پر دہشت گردی کے حوالہ سے کوئی مبہم اور عمومی الزام عائد نہیں کیا جائے گا۔ مگر حال ہی میں اسلام آباد میں منعقدہ ایک کنونشن میں صدر محترم نے اس عہد کی خلاف ورزی کی ہے اور مدارس کے بارے میں عمومی الزام کا اعادہ کیا جس سے باہمی اعتماد مجروح ہوتا ہے اور اہل اقتدار کے عزائم کے بارے میں بدگمانیاں جنم لیتی ہیں۔ اس لئے یہ اجلاس مطالبہ کرتا ہے کہ جن مدارس یا افراد کے بارے میں صدر کو یقین ہے کہ وہ دہشت گردی کا مرکز ہیں ان کو پورے ثبوت کے ساتھ منظر عام پر لایا جائے اور عمومی طور پر دینی مدارس کو بدنام کرنے کا سلسلہ بند کیا جائے۔

اجلاس میں حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ دینی مدارس کے پانچوں وفاقوں کو ایگزامینگ یونیورسٹی کا درجہ دیا جائے اور اس کیلئے باقاعدہ چارٹر جاری کیا جائے۔ یہ بھی فیصلہ کیا گیا کہ اس مسئلہ کو عملی شکل دینے کیلئے صدر اور وزیر اعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان سے اتحاد تنظیمات مدارس دینیہ کا وفد ملاقات کرے گا۔

ضروری اعلان

وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے سالانہ امتحان ۱۴۲۵ء کے داخلے یکم ربیع الاول سے شروع ہوں گے۔

جامعات / مدارس کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اپنے داخلے بروقت کرائیں۔

یہ بات مشاہدہ میں آئی ہے کہ اکثر مدارس داخلہ فارم بغیر فیس کے ارسال کرتے ہیں۔ جس میں رقم بھیجنے کا ذکر نہیں ہوتا نہ ہی ذریعہ بتایا جاتا ہے کہ رقم ڈرافٹ سے بھیجی گئی ہے یا کسی اور ذریعہ سے، اور نہ ہی الحاق نمبر ارسال کیا جاتا ہے۔

ایسے اداروں کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ ان کے داخلہ فارم مسترد کر دیئے جائیں گے اور بعد میں دفتر اس کا ذمہ دار نہ ہوگا۔

ذریعہ وصولی واجبات:۔ تمام واجبات بشمول داخلہ فیس صرف ایک ڈرافٹ کی صورت میں ارسال کئے جائیں۔ جس کا دفتر اور مدارس دونوں کو فائدہ ہوگا۔ اکثر مدارس داخلہ فیس اور سالانہ فیس اور رسالہ فیس کے ڈرافٹ علیحدہ علیحدہ بھیجتے ہیں جس سے مدارس کا خرچہ زائد ہو جاتا ہے۔ ذمہ داران مدارس اس بات کو یقینی بنائیں کہ تمام طلباء کا داخلہ ایک دفعہ اکٹھا بھیجا جائے۔ نیز دفتر کی طرف سے ارسال کئے گئے کوائف نامہ کو مکمل کر کے بھیجیں۔

تاریخ داخلہ سنگل فیس:۔ یکم ربیع الاول تا پندرہ ربیع الثانی — تاریخ داخلہ ڈبل فیس:۔ سولہ ربیع الثانی تا 30 ربیع الثانی

مستحق طلباء کے لئے خوشخبری

ایک صاحب خیر اللہ تعالیٰ کے بندے نے وفاق سے ملحق پنجاب کے مدارس کے مستحق طلباء کیلئے ''قرآن مجید'' کے نسخے ارسال کئے ہیں۔ خواہشمند ارباب مدارس فوری طور پر مدرسہ میں زیر تعلیم طلبہ حفظ کی تعداد پر مشتمل درخواست درج ذیل پتہ پر ارسال فرمادیں۔ نیز موصوف کیلئے خصوصی دعاؤں کی بھی درخواست ہے

محمد حنیف جالندھری (ناظم اعلیٰ وفاق المدارس) مہتمم جامعہ خیر المدارس بیرون دہلی گیٹ ملتان